## ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in

آر بی آئی 186/2019-20      27 مارچ 2020

ڈی او آر نمبر بی پی بی سی 47/21.04.048/2019-20

سبھی کمرشیل بینکیں (بشمول اسمال فائینینس بینکیں، مقامی علاقائی بینکیں
اور علاقائی دیہی بینکیں)

سبھی پرائمری (شہری) کوآپریٹو بینکیں/ اسٹیٹ کوآپریٹو بینکیں/ضلع مرکزی کوآپریٹو بینکیں

سبھی آل انڈیا فائینیشیل ادارے

سبھی غیر بینکنگ مالیاتی کمپنیاں (بشمول ہاؤسنگ فائینینس کمپنیاں)

محترم/محترمہ!

# کووڈ۔19۔ریگولیٹری پیکیج

براہ کرم 27 مارچ 2020 کو جاری اسٹیمنٹ آف ڈیولپمنٹ اینڈ ریگولیٹری پالیسیوں کا حوالہ لیں۔ جس میں باہمی گٹھ جوڑ سے متعلق کچھ مخصوص طریقۂ کار کا اعلان کیا گیا تھا تا کہ قرض کے بوجھ سے راحت مل سکے۔ کووڈ 19 مہلک وبا کی وجہ سے سامنے آنے والی پریشانیوں نے سب گڑبڑ کر دیا ہے۔ اور ضروری تجارتی سرگرمیوں کو یقینی بنایا جائے۔ اس سے متعلق تفصیلی ہدایات مندرجہ ذیل ہیں:

(i) ادائیگی کے لئے ازسرنو گوشوارہ بنانا۔ میعادی قرضوں اور ورکنگ پونجی کی سہولیات۔

2. سبھی میعادی قرضوں کے بارے میں (بشمول زرعی میعادی قرض، پھٹکر اور فصلی قرض)، سبھی کمرشیل بینکوں (بشمول علاقائی دیہی بینکوں اسمال فائینینس بینکوں اور لوکل ایریا بینکوں)، کوآپریٹو بینکوں، آل انڈیا مالیاتی اداروں اور این بی ایف سی ز (بشمول ہاؤسنگ فائینینس کمپنیاں) (سبھی قرض دینے والے اداروں) کو اجازت دی دی گئی ہے کہ وہ یکم/ مارچ 2020 سے 31/ مئی 2020 کے درمیان سبھی ادائیگی قسطوں پر ان تین مہینوں کے لئے چھوٹ منظور کریں۔ ایسے قرضوں کے لئے واپسی ادائیگی کو مہلت کے وقفہ کے بعد تین ماہ کے لئے ازسرنو ترتیب دیا جائے۔ باقی بچے حصہ پر اس مہلت وقفہ کے دوران بھی سود لیا جائے گا۔

3. جہاں تک متحرک پونجی سہولیات کا تعلق ہے خواہ وہ کیش کریڈٹ کی شکل میں ہو یا اوورڈرافٹ ہو (سی سی/ او ڈی)، قرض دینے والے اداروں کو اجازت دی جاتی ہے کہ وہ ان سبھی سہولیات پر یکم/ مارچ 2020 سے 31/ مئی 2020 تک کے دوران سود (انٹریسٹ) کو موقوف کر دیں۔ ان پر مجموعی سود اس مدت کے مکمل ہونے کے فوراً بعد وصولا جائے گا۔

(ii) ورکنگ کیپٹل فائینینسنگ (متحرک پونجی تعاون) کو آسان بنانا:

4. اس مہلک وبا کی وجہ سے معیشت پر بہت دباؤ آ گیا ہے قرض لینے والوں پر، لہٰذا ایسے لوگوں پر ورکنگ پونجی سہولیات خواہ وہ اوورڈرافٹ /کیش کریڈٹ کی شکل میں ہوں، قرض دینے والے ادارے اپنے مارجن (نفع) کو کم کر کے اپنے ڈرائنگ پاور کو دوبارہ طے کریں اور ورکنگ پونجی

سائیکل کا پھر سے اندازہ لگائیں۔ یہ اعانت (نفع) ان سبھی تبدیلیوں جو 31 مئی 2020 تک متاثر ہیں پر حاصل ہوگی۔ یہ ہنگامی قدم ہے قرض دینے والے اداروں کے لئے اور وہ مطمئن ہوں کہ اس مہلک بیماری (کووڈ 19) سے معیشت میں آئے ہوئے زوال پر یہ بہت ضروری ہے مزید یہ ہے کہ ان ہدایات کے تحت دی جانے والی امداد پر نگاہ بھی رکھی جائے تا کہ کووڈ 19 مہلک وبا سے زوال پذیر معیشت سے نپٹنے کے لئے اس کو صحیح قرار دیا جاسکے۔

مخصوص ذکر شدہ اکاؤنٹ (ایس ایم اے) اور غیر محرک اثاثہ (این پی اے) کی درجہ بندی

5. چونکہ کووڈ 19 کی وجہ سے بارووَرس (قرض دینے والوں) کو سامنے آئی ہوئی دقتوں سے ابارنے کے لئے یہ مہلت/ التواء/ دوبارہ حساب لگانا وغیرہ کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ اس کو آر بی آئی کے انیکس کے پیرا 2 (دباؤ والے اثاثوں کے حل کے لئے پروڈینشیل فریم ورک) کی ہدایات 2019 مورخہ 7 جون 2019 (پروڈینشیل فریم ورک) کے مطابق مراعات نہ سمجھا جائے۔ قرض سمجھوتوں کی شرائط میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی۔ لہٰذا یہ اقدام اپنے طور پر اثاثوں کی درجہ بندی پر اثر انداز نہیں ہوں گے۔

6. میعادی قرضوں پر اسیٹ درجہ بندی جن کو پیرا 2 کے تحت اعانت منظور کی گئی ہے ان کو دوبارہ سے ادائیگی کی تاریخیں اور ادائیگی کی قسطیں طے کی جاسکتی ہیں۔ اسی طرح سے ورکنگ پونجی سہولیات جو مندرجہ بالا ہدایات کے پیرا 3 کے تحت فراہم کی گئی ہیں، ایس ایم اے اور سبھی طرح کی حیثیت والی دیگر قرضوں پر اس التواء شدہ مدت کے فوراً بعد مجموعی سود (انٹریسٹ) کا حساب لگایا جائے اور تبدیل شدہ شرائط پر عمل کیا جائے جیسا کہ مندرجہ بالا ہدایات کے پیرا 4 میں بتایا گیا ہے۔

7. ادائیگی اور انٹریسٹ کی ری شیڈولنگ (دوبارہ طے کرنا) کو نگرانی رپورٹ میں نادہندگی نہیں مانا جائے گا اور نہ ہی قرض دینے والے ادارے اس کو سی آئی سی (کریڈٹ انفارمیشن کمپنیز) کو رپورٹنگ کریں گے۔ سی آئی سی اس بات کو یقینی بنائیں کہ مستفیدین کی کریڈٹ، ہسٹری پر اس کا خراب اثر نہ پڑے۔

دیگر شرائط

8. قرض دینے والے ادارے اپنے بورڈ سے منظور شدہ پالیسیاں بنائیں جن سے موزوں (اہل) قرض داروں کو مدد مل سکے۔ اور عوام کی فلاح کے مدنظر اور مندرجہ بالا ہدایات کے پیرا۔ 4 کے تحت اعانت کا مقصد بھی حاصل ہو سکے۔

9. جہاں پر کسی قرض دار پر قرض دینے والے ادارہ کا پانچ کروڑ روپیہ یا اس سے زیادہ قرض یکم مارچ 2020 کو ہے تو بینک ایسے قرض داروں کے لئے ایم آئی ایس بنائے گی ان کو مدد دینے کے لئے اس میں قرض دار و کریڈٹ سہولت کے مطابق دی جانے والی اعانت کا ذکر کیا جائے گا۔

10. اس سرکلر میں بتائی گئی سبھی ہدایات پر فوری عملدرآمد کیا جائے گا۔ قرض دینے والے اداروں کی سبھی بڑے آفیسرس اور بورڈ آف ڈائریکٹرس اس بات کو یقینی بنائیں کہ نیچے تک ان ہدایات پر عمل کرنے کے لئے پیغام پہونچایا جائے اور اپنے اسٹاف کو ان پر عمل کرنے کی واضح ہدایات دی جائیں۔

آپ کا مخلص

(سوروسنہا)

چیف جنرل منیجر انچارج